## سوال

(641) مذہبی فلم مثلاً حج مکہ شریف دیکھنا وغیرہ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مذہبی فلم مثلاً حج مکہ شریف جب تیار ہوئی تو کیا اس میں کوئی بات باعث توہین مذہب ہوتی ہوگی۔ اگر مسلمان یہ فلم دیکھیں یا اس میں اعانت کریں تو کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فلم (1)حج مذہب کے خلاف ہے۔ کیونکہ تصویروں کا رواج دینا شرع کے خلاف ہے۔ آپ ﷺ نے مصوروں کو بہت بُرا کہا ہے۔ ہر مسلمان کو ایسی لغویات سے محترز رہنا چاہیے۔ قران مجید میں ارشاد ہے: وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ ۳ سورة المؤمنون

---

1۔حج کا فلم بنانا بنوانا دیکھنا دکھلانا مسلمان کے لئے حرام ہے (ملخص المعلن سعید احمد لکھنوی مفتی تکمیل العلوم سہارنپور (نور توحید لکھنوج 1 ص 7 تا 10 ص 50)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 01 ص 797**

محدث فتویٰ